© rasailojaraid.com



کے افکار و آرا، بیک وقت پیش نظر ہو جاتے ہیں۔ زبان صاف اور سلیس ہے۔ شروع میں فاضل مصنف نے فلسفۂ اقوال پر ایک فاضلانہ مقدمہ لکھ کر اس کتاب کی اہمیت کو اور وقیع بنا دیا ہے، اردو اور انگریزی کے متعدد اخباروں، رسالوں اور انشا پردازوں کی آرا بھی اس اڈیشن میں شامل کر دی گئی ہیں۔ لیکن جناب مؤلف کا فوٹو جس لباس میں ہے اُس سے شبہ ہوتا ہے کہ غالباً وہ مشرقیت کے مقابلہ میں مغربی تفلسف سے زیادہ مرعوب ہیں۔



# بہشتی زیور مدلل ومکمل ومحشی بحاشیۂ جدیدہ کا بہترین اڈیشن

## عربی عبارتوں حوالوں اور قدیم وجدید ضمیموں کا بےمثل مجموعہ

## تصدیق فرمودہ حضرات علماءِ دیوبند

جہاں تک کتاب کی تسہیل، ترتیب کی دلنشینی اور کتابت وطباعت کی عمدگی کا تعلق ہے پورے وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ اب تک بہشتی زیور کا کوئی اڈیشن اس پایہ کا شائع نہیں ہوا تحشیہ خاص طور پر بعض ذمہ دار حضرات علماء دیوبند سے کرایا گیا ہے۔ تصحیح کے اہتمام میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا گیا۔ تمام مسائل کے صحیح ماخذ عربی عبارات اور حضرت مؤلف مدظلہ العالی کے بعض نہایت ہی اہم اور جدید اضافات اور فوائد کو قابلِ دید کتابت کے ساتھ مزین کیا گیا ہے۔ اور اب یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ بہشتی زیور ایک علمی، مذہبی، فقہی، اخلاقی اقتصادی اور طبی معلومات کا عجیب وغریب بلکہ لاثانی ذخیرہ بن گیا ہے جس سے ہر مسلمان مرد وعورت گھر بیٹھے ایک زبردست اور جامع معلومات عالم کا کام لے سکتا ہے۔ کتاب کا طبی حصہ، اور عملیات کا بیان اس قدر مفید ہے کہ اُسے پڑھ کر ہر شخص اچھا خاصہ طبیب اور عامل بن سکتا ہے اور مائیں اپنے بچوں کا خود ہی علاج کر سکتی ہیں۔

قیمت قسم اول ۱۲ؔ قسم دوم ۸ؔ

منیجر مکتبۂ برہان۔ قرول باغ۔ نئی دہلی


© rasailojaraid.com